© rasailojaraid.com



# اسلامی نظریۂ حیات

مولف :۔ خورشید احمد

ناشر :۔ شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ۔ کراچی یونیورسٹی کراچی

اُردو ہماری قومی زبان ہے اور کراچی یونیورسٹی نے اعلیٰ ترین تعلیمی مدارج تک اردو کو ذریعہ تعلیم قرار دے کر ایک ایسا اہم، مفید اور ضروری قدم اٹھایا ہے جو نہ صرف قابلِ تعریف بلکہ ملک کے دوسرے تعلیمی اداروں کے لیے قابلِ تقلید بھی ہے۔ اس سلسلہ میں کراچی یونیورسٹی نے تصنیف و تالیف و ترجمہ کا ایک شعبہ بھی قائم کیا ہے جو اس تجربہ کو کامیاب بنانے کے لیے بہت مفید کام کر رہا ہے۔ پیشِ نظر کتاب اسی ادارہ نے شائع کی ہے جس میں اسلامی نظریۂ حیات کے بارے میں چند مشہور و ممتاز علماء و مفکرین کے خیالات کو بڑی عرق ریزی سے مرتب کیا گیا ہے۔

یہ کتاب تین حصّوں پر مشتمل ہے :۔

پہلا حصّہ ہے " مذہب اور دورِ جدید "

دوسرا حصّہ ہے۔" اسلامی فلسفۂ حیات "

تیسرا اور آخری حصّہ ہے " اسلامی نظامِ حیات "

یہ تینوں حصّے ان اصحاب علم و فضل کے فکری و ذہنی تاثرات کے آئینہ دار ہیں جن کی زندگی اسلام کی خدمت میں گذری ہے ۔ مولانا ابوالحسن علی ندوی، مولانا مناظر احسن گیلانی، مولانا ابوالاعلیٰ مودودی، علامہ سید سلیمان ندوی، مولانا امین احسن اصلاحی، ڈاکٹر حمید اللہ، ڈاکٹر مصطفےٰ احمد زرقا، آقا سید محمد تقی شیرازی اور مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی وغیرہ کے مقالات جو اس کتاب کی زینت بنے ہیں بہت فکر آفرین ہیں اور ان کے مطالعے سے ہمیں اسلامی نظامِ حیات کے متعلق بیش بہا معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ کئی عنوانات پر خود فاضل مولف نے بھی سیر حاصل بحث کی ہے جس سے کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔

کتاب کا پیش لفظ ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی نے لکھا ہے جس میں اس کے مقصد اور افادیت کو بخوبی واضح کیا گیا ہے۔ یہ کتاب اچھے اخباری کاغذ پر خوشنما ٹائپ میں چھاپی گئی ہے اور طباعت بہت دلفریب ہے

صفحات ۴۷۷ ، قیمت ۶/۵۰ روپے

© rasailojaraid.com